نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت صوبہ میں کپاس کی صورتحال بارے ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں جائزہ اجلاس کا انعقاد

پنجاب میں اب تک 31 لاکھ ایکڑ سے زائد رقبہ پر کپاس کی کاشت مکمل ہو چکی۔ سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو

لاہور:25 مئی 2025:( ) سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا ہے کہ صوبہ پنجاب میں اب تک 31 لاکھ ایکڑ سے زائد رقبہ پر کپاس کاشت ہو چکی ہے۔ یہ بات انھوں نے صوبہ میں کپاس کی صورتحال بارے ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں منعقدہ جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ انھوں نے مزید کہا کہ کپاس کی کاشت کا ہدف رواں ماہ کے اختتام تک حاصل کر لیا جائے گا۔ انھوں نے مزید کہا کہ روئی کی 6 ملین گانٹھوں کے حصول کے لئے کپاس بارے فنی راہنمائی جاری ہے۔ کپاس کی جاری مہم میں تمام سٹیک ہولڈرز کو فعال کردار ادا کرنا ہو گا۔ کپاس کی کاشت و پیداوار کے حصول میں کاشتکاروں کا تعاون قابلِ ستائش ہے۔ سیکرٹری زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ موسم خریف کے لئے کسان کارڈ کے ذریعے بلا سود رقم کی سہولت میسر کر دی گئی ہے۔ انھوں نے ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ فیلڈ فارمیشنز کپاس کے کاشتکاروں کی راہنمائی کیلئے پیشہ وارانہ صلاحیتیں بروئے کار لائیں

اجلاس میں سپیشل سیکرٹری زراعت آغا نبیل اختر، ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ٹاسک فورس پنجاب محمد شبیر احمد خان، ڈائریکٹر جنرلز زراعت چوہدری عبدالحمید، نوید عصمت کاہلوں، عامر رسول، ڈاکٹر عبدالقیوم و دیگر افسران نے شرکت کی۔

☆☆☆☆